Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 15 October-2026

Time: 09:00-09:10 am

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵/اکتوبر ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ دیوالی سے پہلے کسانوں کے کھاتوں میں پانچ ہزار روپئے کی پیشگی امداد دینے کا وزیر اعلیٰ کا اعلان

☆ کسانوں سے قرض کی وصولی کے لیے دباؤ نہ ڈالنے کی بینکوں اور مائیکرو فنانس کمپنیوں کو حکومت کی سخت ہدایت

☆ قومی سماجی امداد اسکیم کو آئندہ پانچ برسوں کے لیے مرکزی کابینہ کی منظوری— ریلوے ملازمین کو 78/دنوں کا بونس دینے کا فیصلہ

☆ شکر کی بنیادی قیمت اور گنا پیدا کرنے والے کسانوں کے مطالبات کے لیے مرکزی حکومت سے نمائندگی کی جائے گی— امداد باہمی کے ریاستی وزیر کا تیقن

اور ☆ ریاستی کانگریس کمیٹی کی جانب سے چھترپتی سمبھاجی نگر میں خشک سالی سے نمٹنے کے معاملے میں حکومت کے طرز عمل کے خلاف جن آکروش مورچہ

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے...

وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے دیوالی سے پہلے کسانوں کے بینک کھاتوں میں پانچ ہزار روپے کی پیشگی امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ کل ممبئی میں کابینہ کی میٹنگ کے بعد صحافیوں سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ اس فیصلے پر فوری طور پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ ریاست کے مزید 39 تعلقوں میں خشک سالی کا اعلان کیا گیا ہے، جن میں ناندیڑ ضلع کے مکھیڑ اور مدکھیڑ کے دو تعلقے بھی شامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ مراٹھواڑہ کے تمام تعلقوں سمیت ریاست کے مجموعی طور پر 304/تعلقوں میں خشک سالی سے متعلق 12/امدادی اقدامات کیے گئے ہیں۔

پینے کے پانی کی ضرورت کے مطابق ٹینکروں کے ذریعے پانی فراہم کیا جا رہا ہے اور ان ٹینکروں پر جی پی ایس ٹریکر نصب کیے گئے ہیں۔ چارے کی فراہمی کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور زیادہ سے زیادہ چارہ دستیاب کرانے کی کوشش جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ نے یہ اعلان بھی کیا کہ ربیع کی فصلیں کاشت کرنے والے کسان اگر چارے کی فصلیں اگاتے ہیں تو حکومت ان کا تمام چارہ ضمانتی قیمت پر خریدے گی۔

وزیر اعلیٰ نے مزید واضح کیا کہ کسانوں سے قرض کی وصولی کے لیے کسی بھی قسم کا دباؤ نہ ڈالنے کی سخت ہدایت متعلقہ کوآپریٹو سوسائٹیوں، ضلع بینکوں، قومی سرکاری بینکوں اور مائیکرو فنانس کمپنیوں کو دی گئی ہے۔

اسی بیچ، ریاستی کابینہ نے چھوٹی، تنگ اور راستہ نہ رکھنے والی سرکاری اراضی کی تقسیم سے متعلق پالیسی میں ترمیم کرنے کی منظوری دی۔ اس کے علاوہ بلڈھانہ ضلع کے شیگاؤں میں واقع سنت گجانن مہاراج سنستھان کو گیرڑا نامی دیہات کی زمین پر یاترا گاہ تیار کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔

وزیراعظم نریندر مودی کے سربراہِ حکومت کی حیثیت سے 25 سال مکمل ہونے پر ریاستی حکومت نے کابینہ کی میٹنگ میں ان کی ستائش اورمبارک باد سے متعلق ایک قرارداد بھی منظور کی۔

**** **** *****

قومی سماجی امداد اسکیم کو آئندہ پانچ برسوں کے لیے مرکزی کابینہ نے منظوری دے دی ہے۔ مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات اشونی کمار ویشنو نے کل کابینہ کی میٹنگ کے بعد یہ اعلان کیا۔ اس پروگرام کے لیے 53 ہزار 428 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ ملک کی تمام 36 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے تقریباً تین کروڑ 20 لاکھ مستحقین کو اس اسکیم کا فائدہ حاصل ہوگا۔

آئی ڈی بی آئی بینک کی تنظیمِ نو کو بھی مرکزی کابینہ نے منظوری دے دی ہے۔ تنظیمِ نو کے بعد بینک میں حکومتِ ہند اور لائف انشورنس کارپوریشن آف انڈیا (ایل آئی سی) کی مجموعی 34 فیصد حصے داری برقرار رہے گی۔

مرکزی کابینہ نے ریلوے ملازمین کو کارکردگی کی بنیاد پر 78 دنوں کا بونس دینے کی بھی کل منظوری دی۔ اشونی کمار ویشنو نے بتایا کہ اس فیصلے سے 11 ⁄ لاکھ 40 ہزار ملازمین کو فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا...

Byte : Ashwini Vaishnav, Minister For Informantion & Broadcasting

ریاست میں بچوں کی خدمات کی ترقی کی اسکیم کے تحت کام کرنے والی آنگن واڑی کارکنوں اور معاونین کو دیوالی سے پہلے حکومت کی جانب سے بھاؤ بیج کے تحفے کے طور پر فی کس دو ہزار روپے دیے جائیں گے۔ خواتین و بہبودِ اطفال کی وزیر آدیتی تٹکرے نے یہ اعلان کیا۔ اس مقصد کے لیے 42 کروڑ 81 لاکھ 94 ہزار روپے کے فنڈ کی فراہمی کی گئی ہے۔

**** **** *****

کاٹن کارپوریشن آف انڈیا (سی سی آئی) کی جانب سے خریف کے موسم 27-2026 کے لیے کم از کم امدادی قیمت کی اسکیم کے تحت آج سے کپاس کی خریداری شروع کی جائے گی۔ خریداری کا عمل آسان طریقے سے مکمل کرنے کے لیے سی سی آئی نے ضروری تیاریوں سے متعلق ہدایات جاری کی ہیں۔ رجسٹریشن مکمل کرنے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ اس برس کاٹن کارپوریشن آف انڈیا کسانوں سے براہِ راست کپاس خریدے گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

شکر کی بنیادی قیمت اور گنا پیدا کرنے والے کسانوں کے منصفانہ اور کفایتی قیمت سے متعلق مطالبات پر مثبت فیصلہ کیا جائے، اس مقصد کے لیے کسان تنظیموں کے نمائندوں کے ایک وفد کو مرکزی حکومت کے پاس لے جایا جائے گا۔ یہ یقین دہانی ریاست کے امداد باہمی کے وزیر بابا صاحب پاٹل نے کرائی۔ وہ کل ریاست کی مختلف کسان تنظیموں کے نمائندوں کے ساتھ منعقدہ ایک میٹنگ سے خطاب کررہے تھے۔ اس میٹنگ میں گنا پیدا کرنے والے کسانوں کے معاشی مفادات، شکر کی قیمتوں میں بہتری، گنے کی وزن پیمائش میں شفافیت اور شکر کارخانوں کے کام کاج سے متعلق مختلف مسائل پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی کی عوامی زندگی کے 25 سالہ سفر کی تحریک ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ کے نظریے سے ملی ہے۔ خدمت اور بہتر حکمرانی کے نقطۂ نظر سے 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کا ہدف حاصل کرنے کے لیے حکومت کام کر رہی ہے۔

سماجی بااختیاری کے ذریعے شہریوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مرکزی حکومت کی جانب سے شروع کی گئی آیوشمان بھارت۔ وزیر اعظم عوامی صحت اسکیم بھی اسی کوشش کا ایک حصہ ہے۔

ملک کے معاشی طور پر کمزور اور محروم طبقات کو معیاری صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے مقصد سے مرکزی حکومت نے 2018 سے آیوشمان بھارت – وزیر اعظم عوامی صحت اسکیم شروع کی ہے۔ اس اسکیم کے تحت اہل خاندانوں کو اسپتال میں علاج کے لیے ہر سال پانچ لاکھ روپے تک کے صحت بیمے کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ اس اسکیم کے تحت اہل مستفیدین کو فہرست میں شامل سرکاری اور نجی اسپتالوں میں ثانوی اور اعلیٰ درجے کے علاج کے لیے کیش لیس سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ یہ اسکیم غریب خاندانوں کے لیے ایک نعمت ثابت ہوئی ہے۔

Byte : Prime Minister Narendra Modi

آیوشمان بھارت اسکیم کو وسعت دیتے ہوئے حکومت نے 70 سال اور اس سے زیادہ عمر کے تمام بزرگ شہریوں کو آمدنی کی کوئی شرط عائد کیے بغیر آیوشمان بھارت وزیر اعظم صحت اسکیم میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان بزرگ شہریوں کو ہر سال پانچ لاکھ روپے تک کی صحت کی ضمانت فراہم کی جا رہی ہے۔ اب تک آیوشمان بھارت اسکیم کے تحت تقریباً ساڑھے تیرہ کروڑ علاج کے معاملات کو منظوری دی جا چکی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی کانگریس کمیٹی کی جانب سے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں خشک سالی سے نمٹنے کے معاملے میں حکومت کے طرزِ عمل کے خلاف عوامی غم و غصے کے اظہار کے لیے جن آکروش مورچہ نکالا گیا۔ کرانتی چوک علاقے سے شروع ہونے والا یہ جلوس ڈویژنل کمشنر دفتر کے سامنے منعقدہ عوامی جلسے میں تبدیل ہو کر اختتام پذیر ہوا۔ اس جلوس میں مہاراشٹر کے لیے کانگریس کے انچارج ڈاکٹر سری ولّا پرساد، ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ سمیت خطے کے عوامی نمائندوں، پارٹی عہدیداروں، کارکنوں، کسانوں اور خواتین نے شرکت کی۔

اس موقع پر رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر کلیان کالے نے مطالبہ کیا کہ تمام کسانوں کے قرضے سو فیصد معاف کیے جائیں، زندگی کے لیے ضروری اشیاء کی قیمتوں میں استحکام لایا جائے اور پینے کے پانی، چارے اور روزگار سمیت دیگر مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے۔

***** ***** *****

خشک سالی کے پس منظر میں خواتین کو چاہیے کہ وہ ہمت نہ ہاریں، مضبوطی کے ساتھ اپنے خاندان کی ذمہ داریاں نبھائیں اور اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ صحت اور خواتین و بہبودِ اطفال کی وزیرِ مملکت میگھنا بورڈیکر نے یہ اپیل کی ہے۔ وہ تلجا پور شکتی پیٹھ سے ماہور بھکتی پیٹھ تک جاری سیوا سنکلپ مہم کے تحت دھاراشیو میں منعقدہ ’ناری شکتی سنواد‘ پروگرام سے کل خطاب کر رہی تھیں۔ بورڈیکر نے کہا کہ خواتین اور لڑکیوں کی صحت کا خیال رکھنے کے ساتھ ساتھ حکومت اس بات کو بھی یقینی بنائے گی کہ اس مشکل دور میں لڑکیوں کی تعلیم متاثر نہ ہو اور ان کی پڑھائی بند نہ ہو۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::::

اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...

- ☆ دیوالی سے پہلے کسانوں کے کھاتوں میں پانچ ہزار روپیئے کی پیشگی امداد دینے کا وزیر اعلیٰ کا اعلان
- ☆ کسانوں سے قرض کی وصولی کے لیے دباؤ نہ ڈالنے کی بینکوں اور مائیکرو فنانس کمپنیوں کو حکومت کی سخت ہدایت
- ☆ قومی سماجی امداد اسکیم کو آئندہ پانچ برسوں کے لیے مرکزی کابینہ کی منظوری— ریلوے ملازمین کو 78/دنوں کا بونس دینے کا فیصلہ
- ☆ شکر کی بنیادی قیمت اور گنا پیدا کرنے والے کسانوں کے مطالبات کے لیے مرکزی حکومت سے نمائندگی کی جائے گی— امداد باہمی کے ریاستی وزیر کا تیقن

اور ☆ ریاستی کانگریس کمیٹی کی جانب سے چھترپتی سمبھا جی نگر میں خشک سالی سے نمٹنے کے معاملے میں حکومت کے طرز عمل کے خلاف جن آکروش مورچہ

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔ اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

**** **** *****